Fair Work Commission

Fair Work Commission

ہم آسٹریلیا میں ایک آزاد اور خودمختار ورک پلیس ریلیشنز ٹریبونل ہیں۔ ہم ملازمین اور مالکان کے درمیان کام پر پیش آنے والے مسائل حل کرنے میں مدد دیتے ہیں
ان میں یہ مسائل شامل ہیں:

کام کی جگہوں پر تنازعات

امتیازی سلوک

جنسی طور پر ہراساں کیا جانا

تنگ کیا جانا

غیر منصفانہ برطرفی

ہم یہ امور بھی انجام دیتے ہیں:

- یہ فیصلہ کرناکہ قومی سطح پرکم سےکم اجرت کتنی ہوگی
- کچھ کارکنوں کےلیےملازمت کی کم ازکم شرائط کاتعین کرنا
- انٹرپرائزمعاہدوں کی منظوری دینا
- رجسٹرڈتنظیموں کوریگولیٹ کرنا، جیسےیونینز اور مالکان کی تنظیمیں

ہمارا کام یہ ہے کہ ہم ملازمین اور مالکان کے لیے سادہ، منصفانہ اور لچکدار ورک پلیس ریلیشنز میں معاونت دیں.

تنخواہ، چھٹی اور دیگر مراعات کےبارےمیں مزید معلومات کےلیے
Fair Work Ombudsman کی ویب سائٹ www.fairwork.gov.au پرجائیں۔

Fair Work Commission

کام کی جگھوں پر مسائل حل کرنا

جب آپ ہم سے کام کی جگہ پر درپیش مسئلے کو حل کرنے کی درخواست کرتے ہیں تو آپ ایک قانونی معاملہ شروع کرتے ہیں۔

آپ کو ایک فارم مکمل کر کے مسئلے کی تفصیلات بتانے کی ضرورت ہو گی۔

ہماری ویب سائٹ پر موجود 'Apply or Lodge' سیکشن میں جائیں۔

ہم آپ کا فارم معاملےمیں شامل دوسرے شخص کےساتھ شیئرکریں گے۔ اسکا فارم بھی آپ کےساتھ شیئرکیاجائےگا۔

ہم آپ کو ایک حل پر متفق ہونے میں مدد دینے کی کوشش کریں گے۔

اگرایسانہیں ہوتا تو آپ ہم سےاپنےلیےفیصلہ کرنےکاکہہ سکتےہیں۔ یہ عدالت میں سماعت ہونےکے مترادف ہے۔ ہمارافیصلہ قانونی طور پرپابندی کا حامل ہوتاہے۔

آپ کی زبان میں مدد

آپ Translating and Interpreting Service (TIS) کے ذریعے ہمیں کال کر سکتے ہیں۔

Interpreter

131 450

پر کال کریں۔ یہ ایک مفت سروس ہے۔

آپریٹر کو یہ بتائیں:

- اپنی زبان – تاکہ وہ آپ کو ایک زبانی مترجم سے جوڑ سکے
- ہمار نام – Fair Work Commission فیئر ورک کمیشن
- ہمارا فون نمبر – 1300 799 675

ہم اس صورت میں بھی ایک زبانی مترجم کا انتظام کر سکتے ہیں جب آپ کو میٹنگ یا سماعت میں آنے کی ضرورت ہو۔

مفت قانونی مشاورت

اگرآپ کویہ فیصلہ کرنےمیں مدد کی ضرورت ہےکہ کیااقدامات اٹھائےجائیں تو ہمارےپاس ملازمین اور چھوٹےکاروباروں کےلیےایک مفت قانونی خدمت دستیاب ہے۔

ہماری ویب سائٹ پر 'ورک پلیس ایڈوائس سروس Workplace Advice Service کا سیکشن دیکھیں۔

یہ سروس کام پرغیرمنصفانہ برخاستگی،امتیازی سلوک، تنگ کیےجانےاور جنسی طور پرہراساں کیےجانےکے معاملات میں مدد کرسکتی ہے۔